علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

﴿شعبہ قرآن وتفسیر﴾

کورس کا نام: اسرائیلیات اور تفسیر (کورس کوڈ 4737) سمسٹر: بہار 2014ء

سطح: ایم فل علوم اسلامیہ (تخصص قرآن وتفسیر)

بستہ برائے طلباء

عزیز طلبہ! السلام علیکم۔

اس ڈاک کے ہمراہ آپ کو یہ مواد بھیجا جا رہا ہے:

۔ مطالعاتی راہنما	ایک عدد
۔ عمومی رہنمائے طلبہ	ایک عدد
۔ امتحانی مشق نمبر 2,1	ایک عدد
۔ فارم برائے امتحانی مشقیں	6عدد
۔ اوقات نامہ مشقی کام	ایک عدد

نوٹ:

اگر اس بستہ میں مذکورہ بالا کوئی چیز موصول نہ ہو تو اس کی اطلاع، شعبہ مراسلاتی خدمات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کو دیں تا کہ اس کمی کو پورا کیا جا سکے۔

والسلام

ڈاکٹر ثناء اللہ
لیکچرار شعبہ قرآن وتفسیر
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
فون نمبر:051-9057269

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

ایم فل علوم اسلامیہ کے مشقی کام کرنے کے لیے رہنما اصول

مکرمی! سلام مسنون

امید ہے کہ آپ بعافیت ہوں گے۔

آپ کے کورسز کے ساتھ آپ کو مشقی سوالات بھی بھیجے جا رہے ہیں۔ مشق درحقیقت مشق ہے۔ جس کا مقصد یہ ہے کہ آپ کو تحقیق کے اصول اور اس کا طریقہ سکھایا جائے۔ آپ مشق حل کرنے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خاص خیال رکھیں۔

1۔ مشق لکھنے کے لیے تھیسس پیپر استعمال کریں۔ اس کی کوالٹی اور سائز کا خیال رکھیں۔

2۔ مشق حل کرنے سے پہلے سوال اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لیں۔ سوال کے تمام اجزا کے جوابات دیں۔

3۔ جوابات تحریر کرنے سے قبل رہنمائے مطالعہ کے متعلقہ حصے اور مجوزہ کتب کا بار بار مطالعہ کر کے اس سے جواب اخذ کریں۔

4۔ جواب اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔ اگر کہیں اقتباس دینا ضروری ہو تو اس کا حوالہ حاشیے میں دیں۔ حوالہ دیتے وقت حوالہ نگاری کے اصولوں کی پابندی کریں۔ اگر کسی ماخذ سے حاصل شدہ معلومات اپنے الفاظ میں لکھ رہے ہیں تو بھی مکمل حوالہ دیں اور آخر میں مراجع ومصادر کی تفصیل درج کریں۔

5۔ جواب صفحے کے ایک طرف لکھیں اور دونوں طرف حاشیہ چھوڑ دیں۔

6۔ جواب مختصر اور جامع تحریر کریں۔ ایک بات کو بار بار نہ دہرائیں۔ البتہ ایک بات اگر متعدد مآخذ میں ہے تو حواشی میں ان کا ذکر کر دیں۔

7۔ اپنی مشق پر "فارم برائے مشقی کام" کے تین پرت مکمل طور پر پُر کر کے لگانا نہ بھولیں۔ مشق کو صحیح طریقے سے نتھی کریں۔ کھلے اوراق کی حفاظت کی ذمہ داری ٹیوٹر پر نہیں ہوگی۔

8۔ پابندی وقت کا خیال رکھیں۔

9۔ اپنی مشق بڑے سائز کے لفافے میں ارسال کریں تا کہ اسے تہہ کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے۔

10۔ پہلی دفعہ جواب لکھنے کے بعد نظر ثانی کریں۔ قرآنی آیات اور احادیث نبویہ تحریر کرتے وقت احتیاط کریں کیونکہ ان کی املاء کی غلطیاں ناقابل معافی ہیں۔

11۔ حوالہ دیتے وقت پہلے مصنف کا معروف نام، پھر کتاب کا نام، ناشر اور تاریخ نشر ذکر کریں۔ پھر متعلقہ کتاب کی جلد نمبر اور صفحہ نمبر کا بھی حوالہ دیں۔ دوسری دفعہ حوالہ دیتے وقت صرف مصنف کا نام، کتاب کا نام اور متعلقہ صفحہ وجلد نمبر درج کریں۔

12۔ اگر کسی معاملے میں کوئی مشکل درپیش ہو یا ابہام ہو تو اپنے ٹیوٹر کو براہ راست یا ہمیں خط لکھ کر وضاحت حاصل کر لیں۔

مخلص

والسلام

ڈاکٹر ثناء اللہ

لیکچرار شعبہ قرآن وتفسیر

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

فون نمبر: 051-9057269

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

(شعبہ قرآن وتفسیر)

کورس کا نام: اسرائیلیات اور تفسیر (کورس کوڈ 4737) — سمسٹر بہار 2014ء

سطح: ایم فل علوم اسلامیہ (تخصص قرآن وتفسیر) — کل نمبر: 100

کامیابی کے نمبر: 50

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذھن نشین کر لیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

امتحانی مشق نمبر 1

سوال نمبر 1۔ اسرائیلیات کے لغوی اور اصطلاحی مفہوم، ارتقاء اور تفسیر بالماثور پر اس کے منفی اثرات کو بیان کیجئے۔ (25)

سوال نمبر 2۔ موضوعات کے لغوی و اصطلاحی مفہوم کو بیان کیجئے اور السبع الطّوال سے متعلق موضوع احادیث کا تنقیدی جائزہ قلم بند کیجئے۔ (25)

سوال نمبر 3۔ تفسیر بالماثور میں ضعف کے اسباب قلم بند کیجئے۔ (25)

سوال نمبر 4۔ علامہ السیوطی کی الدر المنثور میں ذکر کردہ موضوعی روایات کا تنقیدی جائزہ قلم بند کیجئے۔ (25)

امتحانی مشق نمبر 2

سوال نمبر 1۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے قصہ اور اوریا میں اسرائیلی روایات کا تنقیدی جائزہ قلم بند کیجئے۔ (25)

سوال نمبر 2۔ حضرت ایوب علیہ السلام کے قصہ میں اسرائیلی روایات کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔ (25)

سوال نمبر 3۔ کوئی سے دو مسلمان سکالرز جو ذبیح اسحاق علیہ السلام کو بجائے اسماعیل علیہ السلام مانتے ہیں، کا موقف مع تنقیدی جائزہ قلم بند کیجئے۔ (25)

سوال نمبر 4۔ الغرانیق العلی کا واقعہ اور اس ضمن میں ذکر کردہ موضوعی روایات کا تنقیدی جائزہ قلم بند کیجئے۔ (25)